جامعہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات مورخہ 21 ستمبر 2004 بمطابق ۵ شعبان ۱۴۲۵ھ بروز منگل سے شروع ہو کر مورخہ 22 ستمبر 2004 بمطابق ۶ شعبان ۱۴۲۵ھ بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درس نظامی) کے امتحانات 29 ستمبر 2004 بمطابق ۱۳ شعبان ۱۴۲۵ھ بروز بدھ سے شروع ہو کر 7/اکتوبر 2004 بمطابق ۲۱ شعبان ۱۴۲۵ھ بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔

وفیات

شیخ محمد اسحاق صاحب کو صدمہ

مورخہ 17 جون بروز جمعرات انجمن اہلحدیث جہلم کے جنرل سیکرٹری شیخ محمد اسحاق صاحب کے تایازاد بھائی انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا إلیہ راجعون ۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں اساتذہ وطلباء جامعہ اُثریہ نے شرکت کی۔

جہانگیر عالم اور محسن علی کو صدمہ

مورخہ 17 جون جہانگیر عالم صاحب (محسن جیولرز والے) کی جواں سال بیٹی اور محسن علی کی ہمشیرہ دل کے عارضہ سے وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا إلیہ راجعون۔

ریاض احمد صاحب کو صدمہ

25 جون کو جماعتی ساتھی ریاض احمد صاحب (مقیم حال امریکہ) کی والدہ صاحبہ وفات پا گئیں۔ ریاض صاحب کی خواہش پر شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے مرحومہ کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔

ندیم ریاض صاحب وافتخار اسلم برادران کو صدمہ

مورخہ 14 جون افتخار اسلم برادران کے والد گرامی اور ندیم ریاض صاحب کے خالو طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ مرحوم صوم وصلاۃ کے پابند تھے۔

ادارہ ''حرمین'' جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)